ستمبر، 2026

عزیز اہل خانہ،

اسکول واپسی پر خوش آمدید! میں اپنے تمام طلباء، خصوصاً اپنے تارکینِ وطن اور غیر دستاویزی حیثیت رکھنے والے خاندانوں کے تحفظ اور تعلیم کی حمایت کے لیے جاری اپنی کوششوں سے متعلق اہم معلومات کا اشتراک کرنے کے لیے آپ کو یہ تحریر لکھ رہا ہوں۔ میں خود ایک تارکِ وطن کی حیثیت سے، یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ: نیویارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) امیگریشن کی حیثیت سے قطع نظر، ہر بچے کو خوش آمدید کہتا ہے اور اس کی تعلیمی ضروریات پوری کرتا ہے۔

ہمارے اسکول ہمارے تمام خاندانوں کے ہیں۔ NYCPS ہمارے طلباء کی امیگریشن حیثیت کے بارے میں نہ تو معلومات طلب کرتا ہے اور نہ ہی اس کا ریکارڈ رکھتا ہے۔ ہم طلباء کی معلومات کا تحفظ کرتے ہیں، اور مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں کے علاوہ دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں، بشمول امیگریشن اینڈ کسٹمز انفورسمنٹ (ICE)، کو ہمارے طلباء، اسکولز یا ریکارڈز تک رسائی کی اجازت نہیں ہے، جب تک کہ قانون اس کا تقاضا نہ کرے اور NYCPS کے وکلاء سے مشاورت نہ کر لی جائے۔

ہم آگاہ ہیں کہ امیگریشن سے متعلق خدشات بچوں اور خاندانوں کے لیے غیر یقینی صورتحال کا باعث بن سکتے ہیں۔ ہمیں اس بات کا احساس بھی ہے کہ ہماری اسکول کمیونٹیز کے بعض افراد امیگریشن پروگرامز میں ہونے والی تبدیلیوں سے متاثر ہو سکتے ہیں، جن میں عارضی تحفظ کی حیثیت (TPS) بھی شامل ہے۔ آپ کا اسکول آپ کی مدد کے لیے موجود ہے۔ اگر آپ یا آپ کے خاندان کے کسی فرد کے ایسی تبدیلیوں کے بارے میں سوالات یا خدشات ہیں جو آپ کے خاندان کو متاثر کر سکتی ہیں، تو اپنے پرنسپل سے بات کریں تاکہ وہ Project Open Arms سے آپ کا رابطہ کروا سکیں۔ پروجیکٹ اوپن آرمز اور شہر کے شراکت داروں کے ذریعے، خاندان اپنے حقوق سے آگاہی (Know Your Rights) اور امیگریشن کے معاملے میں بلامعاوضہ اور خفیہ قانونی مدد حاصل کر سکتے ہیں تاکہ وہ اپنے دستیاب اختیارات کو سمجھیں اور با اعتماد وسائل سے مدد لے سکیں۔

نئے تعلیمی سال کے آغاز پر ہم خاندانوں کی حوصلہ افزائی بھی کرتے ہیں کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ان کے اسکول میں ہنگامی رابطے کی معلومات تازہ ترین ہوں، اور NYCPS's Project Open Arms کے ذریعے دستیاب وسائل کا جائزہ لیں۔ خاندانوں کو حسبِ ضرورت بلامعاوضہ ترجمے اور ترجمانی کی خدمات حاصل ہے۔ مزید معلومات کے لیے schools.nyc.gov/ProjectOpenArms پر جائیں۔

اس کے علاوہ، NYCPS مئیر کا دفتر برائے امیگریشن امور(MOIA) کے ساتھ شراکت داری جاری رکھے ہوئے ہے۔ ہم خاندانوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں کہ وہ MOIA کی قانونی معاونت کی ہاٹ لائن 1-800-354-0365 استعمال کریں، جو بلا معاوضہ، محفوظ اور خفیہ رکھی جاتی ہے، یا مزید معلومات کے لیے nyc.gov/immigrants پر جائیں۔

مجھے آپ کا اور آپ کے بچوں کو تعلیمی سال 2026-27 میں خیر مقدم کرنے پر فخر ہے۔ ہر طالب علم کو ایسے اسکول میں تعلیم حاصل کرنے کا حق حاصل ہے جہاں انہیں قدردانی، معاونت اور تحفظ کا احساس ہو۔

شراکت میں،

Kamar H. Samuels
چانسلر

T-40396 (Urdu)